west midlands
police and crime
commissioner

SAMMNational
Support After Murder and Manslaughter
Supporting traumatically bereaved people

# قتل اور غیر ارادی قتل کے بعد آپ کے حقوق



## متوفی کے اہلِ خانہ کےلیے متاثرین کے ضابطۂ عمل کی رہنمائی

مزید معلومات کےلیے یہاں اسکین کریں

**متوفی کے اہلِ خانہ کےلیے متاثرین کے ضابطۂ عمل کی رہنمائی**
کسی بہت عزیز کی المناک موت زندگی کے سب سے زیادہ دل دہلا دینے والے تجربات میں سے ایک ہوتی ہے جس کا سامنا کسی کو بھی ہو سکتا ہے۔ شدید غم اور صدمے کے ساتھ ساتھ، آپ اچانک ایک پیچیدہ فوجداری انصاف کے عمل میں شامل ہو سکتے ہیں جو الجھا ہوا اور خوفزدہ کرنے والا محسوس ہو سکتا ہے۔

**متاثرین کا ضابطہ عمل** اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ آپ کو انگلینڈ اور ویلز میں فوجداری انصاف کے اداروں سے کون سے حقوق حاصل ہیں۔

اگر آپ کو اس کتابچے کو سمجھنے میں مدد چاہیے یا آپ کے کوئی سوالات ہوں تو ہماری خصوصی تربیت یافتہ ایڈوائزرز کی ٹیم آپ کو انفرادی اور رازدارانہ مدد فراہم کر سکتی ہے۔ آپ ہماری ہیلپ لائن پر 0121472 2912 پر کال کر سکتے ہیں، یا ہمیں 07342888570 پر "VCOP" لکھ کر پیغام بھیج سکتے ہیں، یا info@samm.org.uk پر ای میل کر کے VCOP سے متعلق مدد مانگ سکتے ہیں

یہ دستاویز 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد پر لاگو ہوتی ہے۔ 18 سال سے کم عمر بچوں کےلیے براہِ کرم "بچوں کےلیے متاثرین کا ضابطۂ عمل" ملاحظہ کریں۔

https://assets.publishing.service.gov.uk/media/5d80bc2c40f0b61cfe01b562/u18-victims-code-leaflet.pdf

یہ کتابچہ آپ کے حقوق اور دستیاب مدد کے بارے میں وضاحت کرتا ہے۔ یہ کئی مختلف زبانوں میں دستیاب ہے، جن میں انگریزی، گجراتی، پولش، کردش، پنجابی، اردو اور عربی شامل ہیں۔



## متاثرین کا ضابطہ عمل کیا ہے؟

متاثرین کا ضابطہ عمل ایک قانونی رہنمائی ہے جو یہ بتاتی ہے کہ متاثرین کو مختلف اداروں سے کم از کم کس معیار کی سروس ملنی چاہیے، جیسے:

- ✓ پولیس
- ✓ کراؤن پراسیکیوشن سروس (CPS)
- ✓ HM عدالتی اور ٹریبونل سروس
- ✓ پروبیشن سروس
- ✓ یوتھ آفینڈنگ ٹیمیں
- ✓ جیل کی سروس
- ✓ پیرول بورڈ

یہ ادارے اس بات کے ذمہ دار ہوتے ہیں کہ متاثرین کو 'متاثرین کے ضابطہ عمل' کے مطابق حقوق دیے جائیں اور پورے فوجداری انصاف کے عمل میں ان کے ساتھ منصفانہ، عزت کے ساتھ اور ہمدردی سے پیش آیا جائے۔

آپ کو اپنے حقوق حاصل کرنے کےلیے یہ ضروری نہیں کہ آپ نے جرم رپورٹ کیا ہو۔



## کن لوگوں کو اضافی خدمات حاصل ہوتے ہیں؟

وہ افراد جن کے کسی عزیز کا انتقال ہو چکا ہو اور جو کمزور، خوفزدہ یا بار بار نشانہ بنائے گئے ہوں، انہیں اضافی خدمات دی جا سکتی ہیں۔ اس میں شامل ہو سکتا ہے: کسی خصوصی امدادی خدمت کی طرف حوالہ، اہم فیصلوں کے بعد جلد رابطہ کیا جانا، اور خاص سہولیات تک رسائی۔

# متاثرین کا ضابطہ عمل کے تحت آپ کے 12 حقوق

## 1. سمجھنے اور سمجھائے جانے کا حق

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ:

- ✓ آپ کو معلومات ایسی زبان اور طریقے سے دی جائیں جو آپ سمجھ سکیں۔
- ✓ آپ کی بات چیت کی ضروریات کو مدنظر رکھا جائے۔
- ✓ اگر ضرورت ہو تو معلومات قابلِ رسائی شکلوں میں دی جائیں۔
- ✓ اگر آپ کو کوئی بات سمجھ نہ آئے تو آپ سوال پوچھ سکتے ہیں۔

## 2. جرم کی تفصیلات بغیر غیر ضروری تاخیر کے درج کروانے کا حق

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ پولیس واقعے کے بعد جلد از جلد جرم کی تفصیلات ریکارڈ کرے۔ اگر آپ سے گواہی دینے یا انٹرویو میں شامل ہونے کو کہا جائے تو آپ کو اس عمل میں مدد کےلیے اضافی مدد حاصل کرنے کا حق ہے۔

## 3. جرم رپورٹ کرنے پر معلومات حاصل کرنے کا حق

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ جرم رپورٹ کرنے پر آپ کو تحریری تصدیق دی جائے، فوجداری انصاف کے عمل کے بارے میں معلومات دی جائیں، اور متاثرین کےلیے دستیاب خدمات کے بارے میں بتایا جائے۔ اس میں ایسے مواقع بھی شامل ہو سکتے ہیں جہاں آپ ملزم یا مجرم سے ملاقات کر سکتے ہیں، جسے اصلاحی انصاف کہا جاتا ہے۔

پولیس ایک خاندانی رابطہ افسر مقرر کر سکتی ہے جو تفتیش کاروں اور متوفی کے اہل خانہ کے درمیان رابطے کا کام کرے گا اور تفتیش کے دوران معلومات اور مدد فراہم کرے گا۔



## 4. امدادی خدمات کےلیے حوالہ دیئے جانے اور اپنی ضرورت کے مطابق مدد حاصل کرنے کا حق

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کو امدادی خدمات کی طرف حوالہ دیا جائے، جس میں سوگوار افراد کےلیے خصوصی خدمات بھی شامل ہیں۔ آپ کا حق ہے کہ آپ براہِ راست بھی ان خدمات سے رابطہ کر سکیں اور اپنی ضروریات کا جائزہ کروائیں تاکہ آپ کو آپ کی ضرورت کے مطابق مدد دی جا سکے۔ براہِ کرم ہمارے خصوصی تربیت یافتہ مشیروں سے بات کریں تاکہ آپ کو مناسب مدد اور معاونت دی جا سکے۔ ہم سے رابطے کی تفصیلات کتابچے کے آخر میں موجود ہیں۔

## 5. معاوضے کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا حق

اگر آپ اہل ہوں تو آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کو اپنی مالی یا ذہنی نقصان سمیت معاوضہ حاصل کرنے کے طریقے کے بارے میں بتایا جائے۔ آپ جرم کے نتیجے میں لگنے والی چوٹوں کے معاوضے کی اسکیم کے ذریعے معاوضے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات اور رہنمائی کے لیے براہِ کرم ہمارے تربیت یافتہ مشیروں سے بات کریں۔ ہم سے رابطے کی تفصیلات کتابچے کے آخر میں موجود ہیں۔

## 6. تفتیش اور مقدمہ چلانے کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا حق

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ جب بھی کیس میں اہم فیصلے ہوں تو آپ کو تازہ کاری اور بڑی پیش رفت کے بارے میں معلومات دی جائیں۔ آپ کو یہ بھی حق حاصل ہے کہ آپ کو فوجداری انصاف کے عمل کے مخصوص مراحل کے بارے میں بتایا جائے، اور آپ متعلقہ ادارے سے درخواست کر سکتے ہیں کہ کسی فیصلے پر دوبارہ غور کیا جائے۔

کچھ حالات میں متوفی کے اہل خانہ کراؤن پراسیکیوشن سروس (CPS) سے ملاقات کی درخواست کر سکتے ہیں تاکہ مقدمے سے متعلق فیصلوں پر بات کی جا سکے۔

اگر CPS فیصلہ کرے کہ کوئی الزام عائد نہیں کیا جائے گا یا مقدمہ بند کر دیا جائے، تو آپ کو یہ حق حاصل ہو سکتا ہے کہ آپ Victims’ Right to Review کے تحت اس فیصلے پر نظرثانی کی درخواست کریں۔

## 7. متاثرہ شخص کا ذاتی بیان دینے کا حق

متاثرہ شخص کا ذاتی بیان (VPS) آپ کو یہ موقع دیتا ہے کہ آپ بتا سکیں کہ اس صدمے نے آپ اور آپ کے خاندان کو کیسے متاثر کیا ہے۔ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ عدالت کو بتا سکیں کہ آپ پر اس صدمے کا کیا اثر ہوا ہے۔ آپ کے بیان پر سزا سناتے وقت اور دیگر فیصلوں میں غور کیا جا سکتا ہے، جیسے پیرول کی سماعت کے دوران۔

آپ چاہیں تو اپنا بیان خود عدالت میں پڑھ سکتے ہیں یا کسی اور سے پڑھوایا جا سکتا ہے۔



## 8. مقدمہ، اس کے عمل اور بطور گواہ آپ کے کردار کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا حق

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کو عدالت کی تاریخوں، مقام اور کسی بھی سماعت کے نتیجے کے بارے میں معلومات دی جائیں۔

اگر آپ کو گواہی دینی ہو تو آپ کو مقدمے سے پہلے، دوران اور بعد میں مدد حاصل کرنے کا حق ہے۔ مزید معلومات کے لیے ہم آپ کو یہ سمجھا سکتے ہیں کہ آپ کو کن چیزوں میں مدد مل سکتی ہے، جیسے:

- ✓ مقدمے سے پہلے عدالت میں مدد
- ✓ مقدمے کے دوران آپ کے حقوق اور کیا توقع رکھنی چاہیے
- ✓ عدالت میں کیا ہوتا ہے
- ✓ گواہی دینا
- ✓ خصوصی سہولیات
- ✓ فیصلے اور سزا سنانا
- ✓ اخراجات کا دعویٰ کرنا
- ✓ مقدمے کے بعد میں مدد

## 9. کیس کے نتیجے اور اپیلوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا حق

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کو کیس کے نتیجے اور دی گئی سزا کے بارے میں بتایا جائے۔ اگر مجرم اپیل کرے تو آپ کو اس کے نتیجے کے بارے میں آگاہ کیا جانا چاہیے۔

کسی مجرم کے خلاف دی گئی سزا کے خلاف متوفی کے لواحقین کس طرح اپیل کر سکتے ہیں، اس بارے میں مزید معلومات کےلیے براہِ کرم ہمارے خصوصی طور پر تربیت یافتہ مشیروں میں سے کسی ایک سے بات کریں۔ درخواست دینے کےلیے ایک مقررہ وقت کی حد ہوتی ہے۔

## 10. جائیداد کی واپسی اور اخراجات کی ادائیگی کا حق

اگر آپ عدالت میں بطور گواہ بیان دیتے ہیں تو آپ کو اپنے اخراجات کا دعویٰ کرنے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ کی کوئی چیز ثبوت کے طور پر لی گئی تھی تو ممکن ہے آپ اسے واپس حاصل کرنے کے حقدار ہوں۔

## 11. سزا کے بعد مجرم کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا حق

اگر آپ اہل ہیں تو آپ وکٹم کانٹیکٹ اسکیم میں شامل ہونے کا حق رکھتے ہیں۔ اس اسکیم کے تحت آپ کو ہر سال مجرم کی سزا کے بارے میں تازہ معلومات دی جائیں گی، جن میں اس کی ممکنہ رہائی سے متعلق معلومات بھی شامل ہوں گی۔

## 12. اپنے حقوق پورے نہ ہونے پر شکایت کرنے کا حق

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ کسی ادارے نے متاثرین کے ضابطۂ عمل کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کیں تو آپ کو شکایت کرنے کا حق حاصل ہے۔

زیادہ تر فوجداری انصاف کے ادارے شکایت درج کروانے کےلیے خط، ای میل یا فون کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔ مزید معلومات کےلیے متعلقہ ادارے کی ویب سائٹ دیکھیں اور ان کی رائے اور شکایات کے طریقہ کار سے رہنمائی حاصل کریں۔ مزید معلومات اور رہنمائی کےلیے براہِ کرم ہمارے تربیت یافتہ مشیروں سے بات کریں۔ ہم سے رابطے کی تفصیلات اس کتابچے کے آخر میں موجود ہیں۔

## مدد اور رہنمائی کےلیے SAMM سے رابطہ کرنا

اگر آپ کو اس دستاویز کو سمجھنے میں مدد چاہیے یا ضابطہِ عمل کے بارے آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو ہماری خصوصی تربیت یافتہ مشیران کی ٹیم آپ کو انفرادی اور رازدارانہ مدد فراہم کر سکتی ہے۔ آپ ہماری ہیلپ لائن **0121 472 2912** پر کال کر سکتے ہیں، یا **07342 888570** پر **VCOP** لکھ کر ٹیکسٹ بھیج سکتے ہیں، یا info@samm.org.uk پر ای میل کر کے وکٹم کوڈ آف پریکٹس (VCOP) کے بارے میں مدد طلب کر سکتے ہیں۔

## SAMM نیشنل کس طرح مدد کر سکتا ہے

**Support After Murder and Manslaughter (SAMM National)** قتل کے باعث اپنے پیاروں کو کھونے والے افراد کو خصوصی ہم مرتبہ ساتھیوں کی معاونت فراہم کرتا ہے۔

ہماری خدمات میں شامل ہیں:

- ملک بھر میں ٹیلی فون کے ذریعے معاونت
- تربیت یافتہ رضاکاروں کی جانب سے مدد، جنہیں ذاتی تجربہ حاصل ہے
- آن لائن امدادی گروپس
- عملی معلومات اور رہنمائی فراہم کرنا
- صدمے سے نمٹنے کےلیے مدد اور رہنمائی
- ماہر خدمات فراہم کرنے والے اداروں تک رہنمائی
- فوجداری انصاف کے تمام مراحل کے دوران معاونت

ہم قتل اور غیر ارادی قتل کے باعث اپنے عزیزوں کو کھونے والے خاندانوں کو درپیش منفرد مشکلات کو سمجھتے ہیں، کیونکہ ہمارے بہت سے رضاکار خود بھی ایسے ہی تجربات سے گزر چکے ہیں۔

اگر آپ ہماری معاونتی خدمات کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو بلا جھجھک ہم سے رابطہ کریں۔

## SAMM National سے رابطہ کریں


**قتل یا غیر ارادی قتل کے بعد معاونت (SAMM National)**

ہیلپ لائن: 07342 888570 / 0121 472 2912

ای میل: info@samm.org.uk

ویب سائٹ: www.samm.org.uk


مزید معلومات کےلیے یہاں اسکین کریں

west midlands police and crime commissioner

SAMM National
Support After Murder and Manslaughter
Supporting traumatically bereaved people